## سوال

(361)بعض الفاظ کا شرعی حکم

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

آپ کی نظر میں مندرجہ ذیل الفاظ کا شرعی حکم کیا ہے؟ اللہ جانتا ہے (کہ فلاں بات یوں ہے) ''خدانخواستہ''''اللہ کی مرضی یہی تھی''اور''اللہ اوراس کا رسول بہتر جانتے ہیں۔''

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

یہ کہنے میں کوئی حرج نہیں کہ ''اللہ جانتا ہے''بشرطیکہ وہ جو بات بتارہا ہے'وہ سچ سچ بتارہا ہو۔اسی طرح ''خدانخواستہ'اور''اللہ نہ کرے''کہنے میں بھی حرج نہیں جب کہ مقصد یہ ہو کہ اللہ نقصان دہ چیز سے محفوظ رکھے۔''اللہ کی مرضی''سے اگر یہ مراد ہو کہ جو بیماری یا تنگ دستی وغیرہ آئی ہے وہ اللہ کی تقدیر اوراس کے ارادہ کونیہ کے تحت ہے تو اس میں بھی کوئی حرج نہیں۔یہ کہنا کہ ''اللہ اوراس کا رسول بہتر جانتے ہیں''جناب رسول اللہ ﷺ کی حیات مبارکہ میں درست تھا۔رسول اللہ ﷺ کی وفات کے بعد اللہ اعلم ''اللہ بہتر جانتا ہے''۔کہنا چاہیئے۔کیونکہ وفات پاجانے کے بعد آپ نہیں جانتے کہ آپ ﷺ کی وفات کے بعد کیا واقعات پیش آئے ہیں۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

## فتاویٰ دارالسلام

## ج1

## محدث فتویٰ